اپیل

یہ ترجمہ پڑھ کر اگر آپ سمجھتے ہیں کہ وحی کی یہ آ گاہی ہاتھوں ہاتھ جانی چاہیے تاکہ نسل در نسل ٹھہرے ہوئے جہالت، غفلت، فرقوں اور ظلم کے اندھیروں سے ٹکرایا جا سکے تو آگے بڑھو اور ہاتھوں میں ہاتھ لے کر اس جدوجہد میں شامل ہو جاؤ جو قرآن کے نور سے پیدا ہونے والے نورانی آ گاہی کے انقلاب کے لئے جاری ہے اور اپنی ہمت کے مطابق حصّہ دار بن جاؤ تاکہ یہ ترجمہ مفت یا انتہائی کم قیمت پر کم از کم اُمتِ اسلامیہ کی جواں ہوتی ہوئی نسلوں کے اُن افراد تک پہنچ سکے جو بہکانے والے اور فریب دینے والے نظریات سے نہتے لڑ رہے ہیں۔

بہرحال! سچائیوں کے لئے آواز اُٹھانے والے اے معتبر انسانوں!

ہمت نہ ہار جانا! یقین رکھو کہ قرآن کی آ گاہی کی بنیادوں پر اُٹھنے والے انقلابوں میں ایک اور انقلاب ضرور اُٹھے گا جس کی وجہ سے، بے محترم کر دیئے گئے بے قراروں اور غم کے مارے انسانوں کے چہرے جگمگا اُٹھیں گے اور اُن کی دُنیا بھی نورانی مسرتوں سے روشن ہو جائے گی کیونکہ یہ قرآن کا وعدہ ہے' (القرآن 27:62)۔

مگر!

اصل میں میری یہ اپیل اُن تمام بیٹے اور بیٹیوں سے ہے جو مدرسوں، یونیورسٹیوں، کالجوں یا گھروں میں ہیں کہ قرآن کے نور کے پرچم کو اور بلند اور بلند کرتے رہنا کیونکہ روندے ہوئے انسانوں کی یہ آخری امید ہے! اِس لئے کہ زندگی کی آب و تاب اور اس کی توانائیوں کا حسن سب کے لئے ہے اور یہی وہ اعلان ہے جو قرآن کی پہلی سورۃ کی پہلی آیت کر تی آ رہی ہے۔

کرنل عمر شبیر

B-120- عسکری-10، لاہور کینٹ (پاکستان)

موبائل نمبر: 0300-9878556